**AGA KHAN UNIVERSITY EXAMINATION BOARD**

**SECONDARY SCHOOL CERTIFICATE**

**CLASS IX**

**MODEL EXAMINATION PAPER 2023 AND ONWARDS**

**Civics Paper I**

**Time: 1 hour 10 minutes   Marks: 40**

AKU-EB
Model Paper 2023
for Teaching & Learning Only


## ہدایات

1۔ ہر سوال کو غور سے پڑھیے۔

2۔ جوابات کے ورق پر جوابات دیجیے جو کہ علیحدہ مہیا کیا گیا ہے۔ اپنے جوابات، سوالات کے پرچے پر ہرگز نہ لکھیے۔

3۔ جوابات کے ورق پر 100 تک نمبر دیے گئے ہیں۔ آپ 1 سے 40 نمبر تک ہی جوابات دیجیے۔

4۔ ہر سوال کے چار انتخابات (options) A, B, C, D دیے گئے ہیں۔ ان میں سے **ایک** کو منتخب کیجیے۔ پھر جوابات کے صفحے میں متعلقہ دائرے کو پنسل سے بھر دیجیے جیسا کہ نیچے دکھایا گیا ہے۔




**امیدوار کے دستخط**

5۔ اگر آپ اپنا جواب بدلنا چاہیں تو پہلے والے جواب کو مکمل طور پر ربڑ سے مٹا دیجیے پھر نئے دائرے کو بھریے۔

6۔ جوابات کے صفحے میں کچھ نہ لکھیے۔ کمپیوٹر صرف بھرے ہوئے دائروں کو ریکارڈ کرے گا۔

1۔ معاشرے کی وہ کون سی اکائی (unit) ہے جو **بنیادی** طور پر ایک ہی حکومت کے زیرِ انتظام ہوتی ہے؟

A۔ قوم

B۔ خاندان

C۔ برادری

D۔ ادارہ

2۔ درج ذیل عناصر کو پڑھیے:

- مشترکہ مقصد
- دستور و قوانین
- یکساں لوگوں کا مجموعہ

درج بالا عناصر کی خصوصیات کس کی ہیں؟

A۔ ریاست

B۔ معاشرہ

C۔ برادری

D۔ حکومت

3۔ ایک مخصوص جغرافیائی حدود میں رہائش پذیر افراد کا ایک منظم مجموعہ جو کہ مشترکہ ایجنڈا، مقصد یا دل چسپی کے ساتھ اپنے خیالات، معلومات اور دیگر وسائل کو استعمال کرتا ہے، کیا کہلاتا ہے؟

A۔ ریاست

B۔ خاندان

C۔ معاشرہ

D۔ برادری

AKU-EB Model Paper 2023 for Teaching & Learning Only

4۔ دی گئی تصویر میں کس قسم کا خاندان دکھایا گیا ہے؟



A۔ نیوکلئیر خاندان

B۔ توسیعی خاندان

C۔ دادا دادی والا خاندان

D۔ واحد والدہ / والد والا خاندان

AKU-EB
Model Paper 2023
for Teaching & Learning Only

5۔ وہ کون سا سماجی ادارہ ہے جو کہ باہمی عمل کی بنیادی تعلیم فراہم کرتا ہے؟

A۔ خاندان

B۔ سیاست

C۔ مذہب

D۔ تعلیم

6۔ علم شہریت کی رُو سے، ایک برادری کی خصوصیات میں سے ایک لازمی خصوصیت کون سی ہے؟

A۔ فوج کا ہونا

B۔ علاقے کا ہونا

C۔ عدلیہ کا ہونا

D۔ حکومت کا ہونا

7۔ ایک خاندان میں پیدا ہونے والا وہ کون سا احساس ہے جو کسی برادری کے افراد کو آپس میں جوڑتا ہے؟

A۔ اعتماد

B۔ ہم دردی

C۔ اتحاد

D۔ ذمہ داری

براہِ کرم صفحہ پلٹیے

8۔ جدید معاشرے کا مقصد افراد کی فلاح و بہبود ہے تاکہ افراد کو مختلف

A۔ کردار دیے جاسکیں۔
B۔ اقدار دی جاسکیں۔
C۔ مقاصد دیے جاسکیں۔
D۔ مواقع دیے جاسکیں۔

9۔ افراد کی فلاح و بہبود کے فروغ کو یقینی بنانے کے لیے معاشرہ اُنھیں کس قابل بناتا ہے؟

A۔ معاشرتی تبدیلی کے خلاف کھڑے ہونا
B۔ اپنی ترقی اور خود کو اظہار کرنا
C۔ صرف اپنی معاشی ضروریات پوری کرنے کے قابل بنانا
D۔ اپنی برادریوں میں گھل مل کے رہنا

AKU-EB Model Paper 2023 for Teaching & Learning Only

10۔ علم شہریت ایک شہری کو کس قابل بناتا ہے؟

A ۔ عالمی معاملات پر گہری فکر مندی (سوچ و بچار) کے لیے تیار کرنا
B۔ ان کی اپنی حکومت میں مؤثر شمولیت کے لیے تیار کرنا
C۔ اپنے وطن سے محبت اور ولولہ رکھنے کے لیے تیار کرنا
D۔ جذبے کے ساتھ خود کو اپنی برادری کے لیے وقف کرنے کے لیے تیار کرنا

11۔ ایک قوم اور ایک امت میں بنیادی فرق کیا ہے؟

A۔ قوم ایک مشترک شعور رکھتی ہے جب کہ اُمت میں ایسا نہیں ہوتا
B۔ قوم کا مذہب اور رسم ورواج ایک جیسے ہوتے ہیں جب کہ اُمت کے مختلف ہوسکتے ہیں
C۔ قوم ایک اصطلاح ہے جو ایک خاص علاقے میں رہنے والے لوگوں کے لیے استعمال ہوتی ہے جب کہ اُمت دنیا بھر میں رہنے والے لوگوں کے لیے استعمال کی جاسکتی ہے
D۔ قوم ایک اصطلاح ہے جو ایک ہی زبان بولنے والے لوگوں کے لئے استعمال ہوتی ہے جبکہ اُمت ایک سے زیادہ زبان بولنے والے لوگوں کے لیے استعمال ہوتی ہے

12 ۔ علمِ شہریت کو اسکول کے نصاب میں شامل کیا جانا چاہیے کیوں کہ اس سے طلبہ کو

A ۔ حکومت کے پہلے سے موجود شاخوں میں بہتری کی تجویز دینے میں مدد ملتی ہے۔
B ۔ دنیا کے مختلف ممالک کی شہریت حاصل کرنے میں مدد ملتی ہے۔
C ۔ اپنے حقوق کو جاننے اوراپنی ذمہ داریاں ادا کرنے میں مدد ملتی ہے۔
D ۔ اپنے اپنے علاقوں میں سیاسی مہم چلانے میں مدد ملتی ہے۔

13 ۔ اسلم ایک کار ریسر ہے۔ وہ جب رات کو گاڑی چلاتا ہے تو سڑک پر چاہے ٹریفک ہو یا نہ ہو، ہمیشہ ٹریفک سگنلز کی پابندی کرتا ہے۔

دی گئی صورت حال میں اسلم کی مثال ایک ایسے شہری کی ہے جو

A ۔ قانون پر عمل درآمد کرتا ہے۔
B ۔ لاپرواہی سے گاڑی چلانے سے ڈرتا ہے۔
C ۔ جرمانہ عائد ہونے کو تکلیف دہ سمجھتا ہے۔
D ۔ خود کو دوسروں سے برتر ظاہر کرنا چاہتا ہے۔

14 ۔ احسن ایک 10 سالہ لڑکا ہے جو ایک غریب علاقے میں رہتا ہے۔ اس کے علاقے میں رہنے والے لوگ زیادہ پڑھے لکھے نہیں ہیں اور اپنے علاقے کی سڑکوں پر کچرا پھینکتے ہیں۔

درج ذیل میں سے کون سا عمل احسن کو **انتہائی** غیر رسمی طریقے سے مذکورہ مسئلے کو حل کرنے میں مدد دے گا؟

A ۔ فنڈز جمع کرے اور علاقے کو صاف کرنے کے لیے ایک صفائی کرنے والے کی خدمات حاصل کرے
B ۔ علاقے کے تمام مکینوں کے لیے آگاہی واک (awareness walk) کا اہتمام کرے
C ۔ ایک درخواست تیار کرے اور اس پر علاقے کے تمام لوگوں سے دستخط کروائے
D ۔ اپنے دوستوں کے درمیان صاف ستھرے ماحول کے فوائد کے بارے میں بات کرنا شروع کرے

15 ۔ درج ذیل میں سے کس کو ریاست کا ایک اہم عنصر سمجھا جاتا ہے؟

A ۔ مقننہ
B ۔ خودمختاری
C ۔ مسلح افواج
D ۔ خارجہ امور

AKU-EB Model Paper 2023 for Teaching & Learning Only

براہِ کرم صفحہ پلٹیے

16۔ ریاست اور علاقے کے درمیان تعلق کے بارے میں درج ذیل میں سے کون سا بیان **درست** ہے؟

A۔ کسی ریاست کی سلامتی اس کے علاقے کی وسعت پر منحصر ہے

B۔ کسی ریاست کی طاقت کا انحصار اس کے علاقے کی وسعت پر ہوتا ہے

C۔ چھوٹی ریاستوں کا انتظامیہ زیادہ موٴثر ہوتا ہے

D۔ وسعت سے قطع نظر تمام ریاستیں حیثیت اور حقوق میں برابر ہوتی ہیں

17۔ ریاست کا اپنے شہریوں کے لیے **بنیادی** کام کیا ہوتا ہے؟

A۔ فوجی دستے تیار رکھنا

B۔ قومی تقریبات منانا

C۔ امن و سلامتی برقرار رکھنا

D۔ تفریحی سہولیات فراہم کرنا

18۔ اسلامی ریاست اور جدید فلاحی ریاست کے درمیان فرق کو درج ذیل کون سا انتخاب **بہترین** طریقے سے بیان کرتا ہے؟

| | اسلامی ریاست | فلاحی ریاست |
|---|---|---|
| A | شہریوں کو آزادی دیتی ہے | شہریوں کی آزادی کو محدود کرتی ہے |
| B | مذہبی نظریات پر مبنی ہوتی ہے | جمہوری خود مختار حکومت پر مبنی ہوتی ہے |
| C | مذہبی تعلیم کو فروغ دیتی ہے | عالم گیر بنیادی تعلیم کو فروغ دیتی ہے |
| D | لوگوں کی مادی اور روحانی ترقی کو فروغ دیتی ہے | لوگوں کی مادی ترقی کو فروغ دیتی ہے |

19۔ سرمایہ دارانہ ریاست ایسے ادارے کی ایک قسم ہوتی ہے جس میں لوگوں کا ایک گروہ

A۔ مختلف قبیلوں میں رہتا ہے۔

B۔ مشترک تاریخ اور روایات رکھتا ہے۔

C۔ متعلقہ مذاہب سے وفاداری نبھاتا ہے۔

D۔ منافع پر مبنی معاشی سرگرمیوں میں شامل ہوتا ہے۔

20۔ علمِ شہریت کے تناظر میں، بلوچستان کو ایک ریاست کے طور پر شمار نہیں کیا جا سکتا کیوں کہ

A۔ یہ ایک چھوٹا علاقہ ہے۔
B۔ اِس کی آبادی کم ہے۔
C۔ یہ خود مختاری کا مالک نہیں ہے۔
D۔ اس کا کوئی سرکاری ڈھانچہ نہیں ہے۔

21۔ جمہوری اور آمرانہ طرزِ حکومتوں میں کیا مماثلت ہے؟

A۔ اِن کے لیڈروں کے پاس تمام اختیارات ہیں
B۔ یہ ایک نظام کے تحت چلتے ہیں
C۔ لوگ حکومت کو بتا سکتے ہیں کہ کیا کرنا ہے
D۔ لوگ حکومت کو ووٹ نہیں دے سکتے۔

AKU-EB
Model Paper 2023
for Teaching & Learning Only

22۔ عدلیہ کا **بنیادی** کام کیا ہے؟

A۔ قوانین پر دست خط کرنا
B۔ قوانین بنانا
C۔ قوانین کی تشریح کرنا
D۔ قوانین کا نفاذ کرنا

23۔ سوچ بچار کے بعد فیصلے کرنے والے افراد کا ایک مجموعہ، جو عام طور پر منتخب ہوتا ہے اور جسے کسی ملک یا ریاست کے قوانین بنانے، تبدیل کرنے یا منسوخ کرنے کا اختیار حاصل ہوتا ہے۔

دیا گیا بیان کس کی طرف اشارہ کرتا ہے؟

A۔ فوج
B۔ عدلیہ
C۔ انتظامیہ
D۔ مقننہ

براہِ کرم صفحہ پلٹیے

24۔ علاقہ ریاست کی تشکیل کے لیے ایک اہم عنصر ہے جہاں لوگ بنیادی طور پر

A۔ ایک خود مختار حکومت قائم کرسکتے ہیں۔
B۔ ایجنسیوں کے ذریعے امن و امان کو نافذ کرتے ہیں۔
C۔ رسمی اور غیر رسمی سماجی روابط (social interaction) کا حصہ ہوتے ہیں۔
D۔ اقتصادی ترقی کے لیے صنعتیں قائم کرتے ہیں۔

25۔ جزیرے عام طور پر ریاستیں نہیں ہوتے۔ اس کے برعکس، ہوائی (Hawaii)، جو ایک جزیرہ ہے، اسے ایک ریاست کیوں سمجھا جاتا ہے؟

A۔ یہاں سیاحتی مقامات ہیں
B۔ اس کی اپنی ایک حکومت ہے
C۔ اس کی اپنی کرنسی ہے
D۔ اس میں اقتصادی ادارے ہیں

AKU-EB Model Paper 2023 for Teaching & Learning Only

26۔ قانون ساز کونسل لوگوں کا ایک ادارہ ہے جو

A۔ حکومت پر یقین کرتا ہے اور اسے برقرار رکھتا ہے۔
B۔ کسی ملک یا ریاست کے لیے قانون بناتا ہے۔
C۔ سیاست میں سرگرم عمل ہوتا ہے۔
D۔ قانون کی عدالت میں مقدمات کی سماعت اور فیصلہ کرتا ہے۔

27۔ درج ذیل خصوصیات کو پڑھیے:

- ریاست کے زیرِ تسلط میڈیا
- فوجی طاقت کی حمایت
- اقتدار پر کسی ایک فرد یا پارٹی کی اجارہ داری

دی گئی خصوصیات حکومت کی درج ذیل کون سی قسم کی نشان دہی کر رہی ہیں؟

A۔ مذہبی
B۔ اشرافیہ
C۔ جمہوریت
D۔ آمریت

28۔ کسی ملک کا آئین اس کی تاریخ کی پیداوار ہوتا ہے جس کی بنیاد کا پتا اس ملک کے رسم و رواج اور ان کے استعمال کے مطالعے سے لگایا جا سکتا ہے۔ اس کی جڑیں ماضی میں پیوست ہوتی ہیں۔ یہ ملک میں سیاسی، معاشی اور سماجی قوتوں کے عمل اور باہمی تعاون کی وجہ سے تاریخ کے دھارے میں شکل اختیار کرتا ہے۔

دی گئی تفصیل کس طرح کے آئین کو بیان کرتی ہے؟

A۔ سخت آئین

B۔ تحریری آئین

C۔ نافذ کردہ آئین

D۔ ارتقاشدہ آئین

29۔ ایک شخص جو ریاست کے ساتھ وفادار ہوتا ہے، سیاسی امور میں حصہ لیتا ہے اور ریاست کی طرف سے دیے جانے والے حقوق اور مراعات حاصل کرتا ہے، اُسے کیا کہا جاتا ہے؟

A۔ پردیسی

B۔ غلام

C۔ شہری

D۔ غیر ملکی

30۔ وقار کسی ملک میں ورک پرمٹ پر کام کر رہا ہے۔ وہ حکومت کی طرف سے دیے جانے والے درج ذیل تمام ممکنہ فوائد حاصل کرتا ہے، **ماسوائے**

A۔ ووٹ ڈالنا۔

B۔ تحفظ حاصل کرنا۔

C۔ جائے داد بنانا۔

D۔ آزادیٔ اظہار کرنا۔

AKU-EB Model Paper 2023 for Teaching & Learning Only

براہِ کرم صفحہ پلٹیے

31۔ فریحہ کی پیدائش ریاست ہائے متحدہ امریکہ (USA) میں ہوئی تھی، لیکن اس کے والدین کا تعلق سوئٹزرلینڈ سے ہے۔ سوئٹزرلینڈ کے قانون کے مطابق، اُن کے شہریوں کے ہاں پیدا ہونے والے بچے اُن کے شہری ہی رہتے ہیں۔

درج بالا صورتِ حال میں فریحہ کو سوئٹزرلینڈ (Switzerland) کے شہری بننے میں شہریت کا کون سا عمل کارفرما ہے؟

A۔ جَس صولی (jus soli)

B۔ نیچرلائزیشن (naturalisation)

C۔ جس سانگوئنیس (jus Sanguinis)

D۔ انڈائریکٹ ریک اگنیشن (indirect recognition)

32۔ اگر کوئی قانونی طور پر برابری کا حق حاصل کرنا چاہتا ہے، تو اُس کی ذمہ داری کیا ہوتی ہے؟

A۔ اپنے مذہب کا پرچار کرے

B۔ قواعد و ضوابط کی پابندی کرے

C۔ پڑوسیوں کی املاک کی حفاظت کرے

D۔ دوسروں کے فائدے کے لیے اپنی صلاحیتوں کو استعمال میں لائے

33۔ پاکستان کے 1973 کے آئین کے مطابق، کسی بھی مجرمانہ الزام کے خلاف ایک فرد کو کیا حق حاصل ہوگا؟

A۔ منصفانہ ٹرائل کا حصول

B۔ خود الزامی سے بچنا

C۔ بے قصور ثابت ہونے تک مجرم سمجھا جانا

D۔ اپنی صوابدید پر جج مقرر کرنا

34۔ پاکستان کے 1973 کے آئین کے مطابق درج ذیل تمام بیانات تصورِ حقوق کے لحاظ سے درست ہیں، **ماسوائے**

A۔ انسانی وقار بھی حقوق کا حصہ ہیں۔

B۔ بہ لحاظِ حقوق تمام انسان برابر ہیں۔

C۔ حقوق اور ذمہ داریاں آپس میں جڑے ہوئے ہیں۔

D۔ صرف اہل کتاب ہی مذہبی حقوق کے حق دار ہیں۔

AKU-EB Model Paper 2023 for Teaching & Learning Only

35۔ پاکستان میں آئینی انسانی حقوق کے نفاذ میں سب سے **بڑی** رکاوٹ کیا ہے؟

A۔ قدرتی وسائل کی کمی
B۔ اچھی حکمرانی کی کمی
C۔ عدالتی اداروں کی کمی
D۔ مناسب قانون سازی کی کمی

36۔ پاکستان کے شہریوں کے آئینی حقوق کا سب سے **بڑا** مسئلہ کیا ہے؟

A۔ (آئین میں) حقوق کا کہیں بھی ذکر نہیں ہے
B۔ لوگوں کو حقوق کے حوالے سے آگاہی نہیں دی جاتی
C۔ حقوق کو مناسب طریقے سے لاگو نہیں کیا جاتا
D۔ عوام کی طرف سے حقوق کی فراہمی کو سراہا نہیں جاتا

AKU-EB Model Paper 2023 for Teaching & Learning Only

37۔ عاقب اور اس کے ساتھی طلبہ نے ایک سرکاری یونیورسٹی میں ہڑتال کا اعلان کیا تھا۔ اُنھوں نے یونیورسٹی کی املاک کو نقصان پہنچایا اور ایک نجی گاڑی کو آگ لگا دی۔

دی گئی صورت حال میں شہری حقوق کا تقاضا ہے کہ عاقب اور اس کے ساتھی طلبہ کو

A۔ دونوں جرائم کے ارتکاب کرنے پر کوئی سزا نہ دی جائے۔
B۔ دونوں جرائم کے لیے صرف کسی ایک ادارے کی جانب سے سزا دی جائے۔
C۔ اداروں کی طرف سے اپنے دائرہ اختیار کے مطابق سزا دی جائے۔
D۔ صرف نجی گاڑی کو آگ لگانے پر ریاست کی طرف سے سزا دی جائے۔

38۔ سعدیہ اپنی ملازمہ کو ریاست کی طرف سے مقرر کردہ تنخواہ سے کم تنخواہ دے رہی ہے۔

دی گئی صورتِ حال کی روشنی میں سعدیہ نے ملازمہ کے کس حق کو پامال کیا ہے؟

A۔ منصفانہ اُجرت کا حق
B۔ ایک بہتر نوکری کا حق
C۔ معلومات حاصل کرنے کا حق
D۔ معاوضہ حاصل کرنے کا حق

39۔ ایک جمہوری ریاست میں میڈیا کو ایک تلوار کیوں تصور کیا جاتا ہے؟

A۔ یہ معاشرے کی معیشت کو سہارا دیتا ہے
B۔ یہ موجودہ طاقت کے ڈھانچے کو برقرار رکھتا ہے
C۔ یہ بدعنوانی کے خلاف عوامی مفاد کا دفاع کرتا ہے
D۔ یہ معاشرے کے منفی پہلوؤں کی عکاسی کرتا ہے

40۔ ریاست کے جمہوری نظام میں حزبِ اختلاف کی جماعتوں (opposition parties) کا **بنیادی** کردار کیا ہوتا ہے؟

A۔ ریاست کے بنیادی ڈھانچے کو ترقی دینا
B۔ ماحول دوست منصوبوں پر کام کرنا
C۔ ریاست کے تعلیمی نظام کو بہتر بنانا
D۔ حکومت کی سرگرمیوں کا جائزہ لینا

AKU-EB
Model Paper 2023
for Teaching & Learning Only

اختتام

# Please use this page for rough work

AKU-EB
Model Paper 2023
for Teaching & Learning Only

# Please use this page for rough work

AKU-EB
Model Paper 2023
for Teaching & Learning Only

# Please use this page for rough work

AKU-EB
Model Paper 2023
for Teaching & Learning Only

# Please use this page for rough work

AKU-EB
Model Paper 2023
for Teaching & Learning Only